ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(424)

04.08.2023

**4اگست ‖یوم شہداپولیس ‖بہاولپور پولیس کے شہداء کوسلام، بہاولپور پولیس کے سینئر افسران کی یادگار شہداء پر حاضری،شہداء کوخراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پروقارتقریب کا اہتمام شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا،شہداء نے ہمارے روشن کل کی خاطر اپنا آج قربان کر دیا، ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید ہم اپنے شہدا پولیس کو یاد کر کے یہ عہد کرتے ہیں کہ ملک وقوم کی خاطر کسی قربانی سے دریغ اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کریں گے،ڈپٹی کمشنر بہاولپور ظہیرانور جپہ یوم شہداپولیس ہمیں عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے،ہم کوئی شہادت بھولےنہیں،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس مہمانان گرامی نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور شہدا کوخراج عقیدت پیش کیا۔**

بہاولپور( ) تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں پولیس لائنز بہاولپور میں یوم شہدا پولیس منایا گیا۔تقریب کا آغاز یادگارِشہدا پر سلامی سے ہوا، ریجنل پولیس آفیسر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے شہدا پولیس کے ورثا کے ساتھ یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔بعدازاں تقریب کا باقاعدہ آغاز آڈیٹوریم ہال میں تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولﷺ سے ہوا۔تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید، ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس، ڈپٹی کمشنر ظہیرانور جپہ،سینئر آرمی افسران، آر او سی ٹی ڈی شمس الدین، آر او اسپیشل برانچ، عابد وڑائچ، پرنسپل قائداعظم میڈیکل کالج، ڈائریکٹر اینٹی کرپشن، وکلا برادری، انجمن تاجران اور میڈیا کمیونٹی کی شرکت۔یوم شہداء پولیس کی تقریب کے حوالے سے ریجنل پولیس آفیسر نے اپنے پیغام میں کہا کہ آج کا دن ہمیں اپنے ان شہیدوں کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ ہم ان کی عظیم قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانیں دیں گے۔پنجاب پولیس کے 15 سو سے زائد شہداء ہیں۔ریجن بہاولپور میں 85 جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔میں ان ماؤں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے فرض کی خاطر اس قوم کی خاطر اپنے لخت جگر قربان کئے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے کہا کہ آج ہم اپنے شہداء پولیس کو یاد کر کے یہ عہد کرتے ہیں کہ ملک وقوم کی خاطر کسی قربانی سے دریغ اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ میں ایک ایسی فورس کا حصہ ہوں جس کے شہدا کی فہرست بہت طویل ہے اور جنہوں نے ملک وقوم کے لئے اپنی شاندار خدمات دے کر ہمیشہ کے لئے عوام کے دِلوں میں زندہ ہوگئے۔میں سلام پیش کرتا ہوں اپنے شہیدوں کو جنہوں نے شہریوں کے سینوں پر چلائی گئیں گولیاں سینہ تان کر اپنی چھاتی پر کھائیں اور مسکراتے ہوئے اپنی قوم پر قربان ہوگئے۔پولیس عوام کے تحفظ کی ذمہ دار ہے اور ہم یہ فرض پوری دیانتداری اور فرض شناسی سے ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم عوام کے محافظ ہیں اور ہمیں یہ فخر ہے کہ اللہ تعالی اور اس ملک نے یہ ذمہ داری ہمیں سونپی اور ہم اپنے ملک، اپنی پولیس فورس اور اپنی عوام کے اعتماد کا پرچم بلند کئے رکھیں گے کوئی خوف، لالچ اور کوئی ترغیب ہمارے عزائم کو شکست نہیں دے سکے گی۔آر پی او اور ڈی پی او نے فرداً فرداً تمام فیملیز سے ان کے مسائل بھی دریافت کیے اور موقع پر حل کیلئے احکامات جاری کیے۔شہدا کی فیملیز کے اعزاز میں پروقار ظہرانہ بھی دیا گیا۔تقریب کے اختتام پر ریجنل پولیس آفیسر، ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے شہدا کے ورثا میں بہاولپور پور پولیس کی جانب سے رقم اور تحائف پیش کئے۔تقریب میں ایس پی انوسٹی گیشن سلمان لیاقت، ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم اور ایس ایچ اوز و جوانوں نے شرکت کی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

PUNJAB POLICE BAHAWALPUR




بہاولپور: یوم شہداء کے موقع پر ریجنل پولیس آفیسر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کا شہداء کے بچوں کے ساتھ گروپ فوٹو



بہاولپور: یوم شہداء پولیس کے موقع پر ریجنل پولیس آفیسر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد شہداء
کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کر رہے ہیں



بہاولپور: یوم شہداء پولیس کے موقع پر ریجنل پولیس آفیسر، ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شہداء کی فیملی کو نقد رقم اور تحائف دے رہے
ہیں اور ان کے مسائل دریافت کر رہے ہیں